سوال

(198) کیا لمبی داڑھی والے گستاخ رسول ہوتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لیڈز سے محمد یٰسین پوچھتے ہیں

کیا کسی حدیث سے ثابت ہے کہ جن کے ماتھے پر داغ ہوں گے' داڑھی لمبی ہوگی' مونچھیں نہیں ہوں گی وہ گستاخ رسول ﷺ ہوں گے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عام طور پر اہل بدعت یا ان میں سے بھی جاہل قسم کے اور بد طینت لوگ یہ نشانیاں بیان کر کے مسلمانوں کو گستاخ رسول ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ ایسی کوئی حدیث نہیں جس میں یہ کہا گیا ہو کہ جن کی یہ نشانیاں ہوں گی وہ گستاخ رسول ہوں گے۔ یہ محض جھوٹ اور کم عقلی اور کم علمی کی باتیں ہیں اور پھر یہ تو بالکل بے وقوفی کی بات ہے اس طرح تو ہر فرقے کے بڑے بڑے بزرگ اور علماء نعوذباللہ گستاخ ٹھہریں گے۔ کیوں کہ ہر فرقے میں ایسے علماء اور نیک لوگ ہیں جن کی پوری داڑھیاں اور سجدے کے نشانات ہیں اور ہمارے ہاں بڑے بڑے پیر حضرات تو ان ظاہر نشانیوں ہی سے لوگوں پر اپنے تقوے اور نیکی کا رعب ڈالتے ہیں۔

عام طور پر لوگ خارجیوں کے بارے میں ایک حدیث پڑھ کر اسے اپنے مخالفین پر چسپاں کرتے ہیں جس میں نبی کریم ﷺ نے خارجیوں کی نشانیوں کا ذکر کیا ہے اور ایسی احادیث تمام علماء کے نزدیک خارجیوں کے بارے میں ہے جن کے عقائد واعمال کا سب کو علم ہے۔ یہ گروہ آج بھی سلطنت اومان میں پایا جاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص434